افکار و تاثرات ___ (قارئین بنام مدیر) جناب ڈاکٹر سلمان ندوی (جنوبی افریقہ)

فرزند حضرت مولانا سید سلیمان ندویؒ' مولانا عتیق الرحمان سنبھلی' لندن۔ مولانا لطافت الرحمان صاحب۔ مولانا سعید الرحمان محمد علی امری' سعودی عرب۔ جناب اعجاز ملک' امریکہ۔ جناب عبدالرحمان شاکر (انڈیا) باب ڈینس' ٹیکساس۔ Yuichiro Ishii' جاپانی پروڈیوسر نیوز سیکشن' ٹوکیو۔

محترم مدیر اعلیٰ الحق مولانا سمیع الحق صاحب حفظکم اللہ۔

السلام علیکم ۔ مجلّہ الحق برابر مل رہا ہے۔ میں اس کرم نوازی کیلئے بہت ہی ممنون ہوں اس مجلّہ کا طرہ امتیاز حق گوئی ہے۔ الحق کا شمارہ مولانا علی میاںؒ پر خوب ہے اور بروقت ہے' مقالات میں تنوع ہے۔ مولانا علی میاںؒ جب پہلی بار پاکستان آئے تھے تو واپسی کے بعد انہوں نے حدیث پاکستان کے نام سے ایک کتاب ترتیب دی تھی۔ کیا ہی بہتر ہو اگر آئندہ کے کسی شمارہ میں پہلے اور پھر آخری سفر کے موقع پر جو کچھ انہوں نے فرمایا تھا اسکو پھر سے ایک مقالہ کی شکل میں دہرایا جائے۔ اس سلسلہ میں قاری رشید الحسن صاحب امام مسجد ہوری ٹاؤن سے بھی تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے آپ حضرات کی مساعی جمیلہ کی کامیابی کیلئے ہمہ وقت دعا گو ہوں۔ ابھی تک اسکا مجھے شدت سے احساس ہے کہ پاکستان میں علماء حق کے پلیٹ فارم کی کوئی منظم صورت نہیں نکل سکی ہے آپ ہی کچھ کوشش فرما کر اس طرف توجہ فرمائیں تاکہ موثر نمائندگی کی شکل نکل سکے اجتماعی قیادت مفقود نظر آتی ہے۔ والسلام مع الاکرام (ڈاکٹر علامہ) سید سلمان ندوی (۲۲ مارچ ۲۰۰۰)

....

(مولانا عتیق الرحمان سنبھلی'

مدیر اعزازی ماہنامہ "الفرقان" لکھنؤ ۔ لندن)

برادرم عزیز محترم حافظ راشد الحق حفظہ اللہ۔ السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ۔ دعا ہے بخیر ہوں۔

۲۷ مارچ کو یہاں اسلامک کلچرل سینٹر اینڈ ماسک' ریجنٹ پارک میں ایک سیمپوزیم بیاد حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ منعقد ہوا تھا۔ ایک مختصر سا مضمون اس خاکسار نے بھی وہاں پڑھا اسی کی کاپی یہاں بطور "تحفۂ درویش" آنعزیز کی نذر کر رہا ہوں۔ پسند آئے تو الحق میں دے